من یرد اللہ بہ خیرا یفقہہ فی الدین

ہزاران ہزار شکر و سپاس داور عدل گستر کہ رسالۂ جان پرور یعنے

مہر انور

ترجمہ

فقہ اکبر

از تصانیف گوہر شب چراغ بحر علم و ہنر جناب مولوی وکیل احمد صاحب سلمہ اللہ الاکبر

بماہ ذیحجہ سنہ ۱۳۰۶ ہجری محمد عبد الاحد

بمطبع مجتبائی دہلی طبع نمود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و صلوٰۃ کے فقیر حقیر وکیل احمد سکندپوری برادران اسلام کی عالیخدمات مین عرض کرتا ہے کہ یہ رسالہ مہر انور ترجمہ فقہ اکبر حضرت امام اعظم ابو حنیفہ کوفی رضی اللہ عنہ کا ہے چونکہ مسلمانون کے فائدہ عامہ کے لئے مینے یہ ترجمہ کیا ہے اسلئے لفظی ترجمہ نہین کیا گیا لفظی ترجمہ بے محاورہ ہوتا ہے جسکا مضمون اچھی طرح سمجھہ مین نہین آتا جب پورے جملہ کا با محاورہ ترجمہ کیا جاتا ہی جلد سمجھہ مین آجاتا ہے اور ترجمہ سے مقصود یہی ہوتا ہے کہ آدمی کو مضمون کے سمجھنے مین دقت واقع نہو میری دعا یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ اپنے فضل و کرم سے اس ترجمہ کو مثل مہر انور کے چمکائے اور امام اعظم کی فقہ اکبر کی روشنی سے مسلمانون کے قلوب صافیہ کو روشن فرمائے

بسم الله الرحمن الرحيم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نعمت دینے والا

اخبرنا الشيخ الامام الزاهد الاستاذ سيف الحق والدين قامع البدعة والضلالة

ہمکو شیخ امام زاہد اوستاد سیف الحق والدین نے خبر دی جو بدعت اور گمراہی کے اکھاڑنیوالے ہیں

ابو المعين ميمون بن محمد بن محمد بن معتمد المكحولي النسفي انار الله برهانه ولقاه

جو ابو المعین میمون بن محمد بن محمد بن معتمد مکحولی نسفی ہیں اللہ انکی بربان روشن کرے اور اپنی

رضوانه قال اخبرنا الشيخ الامام ابو عبد الله الحسين بن ابي الحسين الكاشغري الملقب بالفضل

خوشنودی دیوے کہا ہمکو شیخ امام ابو عبد اللہ الحسین بن ابی الحسن کاشغری نے جنکا لقب فضل ہے یہ خبر دی

قال اخبرنا ابو مالك نصران بن نصر بن حم الختلي قال حدثنا ابو الحسن علي بن الحسين بن

کہا کہ خبر دی مجھے ابو مالک نصران بن نصر بن حم ختلی نے کہا کہ ابو الحسن علی بن الحسین بن

محمد الغزالي قال حدثنا ابو الحسن علي بن احمد بن موسى الفارسي قال حدثنا نصير بن

محمد غزالی نے ہم سے کہا کہ ابو الحسن علی بن احمد بن موسیٰ فارسی نے کہا کہ ہمکو نصیر بن

يحيى الفقيه قال سمعت ابا مطيع الحكم بن عبد الله البلخي رحمه الله قال سألت

یحییٰ فقیہ نے کہا کہ میں نے ابا مطیع حکم بن عبد اللہ بلخی سے سنا ہے کہ وہ یہ کہتے تھے کہ میں نے

ابا حنيفة النعمان بن ثابت رحمه الله عن الفقه الاكبر فقال لا تكفر احدا

ابو حنیفہ نعمان بن ثابت رحمہ اللہ سے فقہ اکبر سے پوچھا کہ کیا چیز ہے تو فرمایا کہ بسبب گناہ کے تم کسیکو کافر

بذنب ولا ننفي احدا من الايمان وان تأمر بالمعروف وتنهى عن المنكر ونعلم

مت کہو اور ایمان سے کسی کو نہ نکالو اور بھلائی کا حکم کرتے رہو اور برائی سے منع کرتے رہو اور جان لو

ان ما اصابك لم يكن ليخطئك وان ما اخطاك لم يكن ليصيبك ولا نتبرأ من احد اصحاب

کہ جو مصیبت تم پر آئی کبھی نہ چوکتے اور جو چوک گئے کبھی نہ پہنچتے اور کسی شخص کو اصحاب

رسول الله عليه السلام ولا نوالي احدا دون احد وان نرد امر عثمان

رسول سے برا نہ کہو ان پر اللہ کا سلام اور اصحاب سے اللہ راضی ہے اور یہ نہیں کہ ایک سے دوستی کرو اور ایک سے نہ کرو۔ اور قصہ عثمان

وعلي رضي الله عنهما الى الله وقال ابو حنيفة رحمه الله الفقه في الدين افضل من

وعلی رضی اللہ عنہما کو اللہ پر چھوڑ دو۔ اور ابو حنیفہ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ سارے علم سے علم دین بہتر ہے

الفقه في العلم ولان يتفقه الرجل كيف يعبد ربه خير له من ان يجمع العلم الكثير

اور جو شخص بھی سمجھ لے کہ اپنے رب کی عبادت کیونکر کرے بہت علم حاصل کرنے سے بہتر ہے

قال ابو مطيع رحمه الله قلت فاخبرني عن افضل الفقه قال رضي الله عنه يتعلم الرجل

ابو مطیع رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں مجھکو خبر دیجئے کہ بہت بہتر فقہ کیا ہے فرمایا کہ آدمی

الايمان والشرائع والسنن واختلاف الامة قلت فاخبرني عن الايمان فقال حدثنا

ایمان و شرائع و سنت و علما کی بحث اختلافی سیکھے میں نے کہا مجھکو بتائے کہ ایمان کیا چیز ہے فرمایا

حماد عن ابراهيم عن علقمة بن مرثد عن يحيى بن يعمر قال قلت لابن عمر رضي الله عنهما

حماد نے ابراہیم سے روایت کی ہے کہ علقمہ بن مرثد یحیی بن یعمر سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما

اخبرني عن الدين ما هو قال عليك بالايمان فتعلمه قلت فاخبرني عن الايمان

سے پوچھا کہ دین کیا ہے کہا ایمان ہے وہ سیکھ لو۔ میں نے کہا بتائیے ایمان

ما هو قال فاخذ بيدي فانطلق بي الى شيخ فقعد بي الى جنبه فقال له ان هذا

کیا شے ہے پھر میرا ہاتھ پکڑ کر ایک بزرگ کے پاس لیگئے۔ اور اس کے بازو پر بٹھایا اور کہا کہ مجھ سے یہ شخص

يسألني عن الايمان كيف هو فقال الشيخ كان من شهد بدرا مع رسول الله عليه

پوچھتا ہے کہ ایمان کیا ہے پھر کہا یحیی بن یعمر نے کہ یہ شیخ بدر کی جنگ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

السلام فقال ابن عمر رضي الله عنهما لقد كنت الى جنب رسول الله عليه السلام وهذا

ساتھ تھے ابن عمر نے کہا کہ میں رسول اللہ صلعم کے بازو پر حاضر تھا اور یہ

الشیخ معی اذ دخل علینا رجل حسن اللمۃ متعمما تحسبہ من رجال البادیۃ فتخطی رقاب الناس

بزرگ میرے ساتھ تھے کہ ایک آدمی خوبصورت بال والے عمامہ باندھے ہوئے گانوں کے سے آدمی لوگوں کی گردنیں لانگتے ہوئے

فوقف بین یدی رسول اللہ علیہ السلام فقال یا رسول اللہ ما الایمان فقال شہادۃ

آئے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے روبرو کھڑے ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ایمان کسے کہتے ہیں فرمایا اس امر کی گواہی

ان لا الہ الا اللہ وان محمدا عبدہ ورسولہ وتؤمن بملئکتہ وکتبہ ورسلہ و

دینا کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں اور محمد اسکے بندے اور پیغمبر ہیں اور تیرا ایمان لانا اوسکے فرشتوں پر وکتابوں و پیغمبروں پر اور

بالیوم الآخر والقدر خیرہ وشرہ من اللہ فقال صدقت فتعجبنا لتصدیقہ رسول

روز قیامت پر اور تقدیر پر کہ بھلائی اور برائی اللہ کی طرف سے ہے اسنے کہا سچ کہا ہمکو تعجب آیا - کہ رسول اللہ صلعم کو

اللہ علیہ السلام مع جہل اہل البادیۃ فقال یا رسول اللہ ما شرائع الاسلام

کہتا ہے کہ آپ نے سچ فرمایا باوجودیکہ گانوں والے جاہل ہوتے ہیں پھر کہا یا رسول اللہ شریعت اسلام کیا ہے

فقال اقامۃ الصلوۃ وایتاء الزکوۃ وصوم رمضان وحج البیت والاغتسال من

فرمایا نماز پڑھنی اور زکوۃ دینی اور رمضان کے روزے رکھنے اور بیت اللہ کا حج کرنا اور جنابت کا غسل کرنا

الجنابۃ فقال صدقت قال فتعجبنا لقولہ بتصدیقہ رسول اللہ علیہ السلام کانہ

کہا آپنے سچ فرمایا ہمکو تعجب ہوا کہ رسول اللہ صلعم کی اسطرح تصدیق کرتا ہے گویا تعلیم

یعلمہ فقال یا رسول اللہ ما الاحسان قال ان تعمل للہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ

کرتا ہے - پھر کہا یا رسول اللہ احسان کیا شے ہے فرمایا کہ عبادت کا اس طور سے کرنا کہ تو اللہ کو دیکھ رہا ہے - اور اگر تو یہ تصور نہ کر سکے تو یہ تصور کرنا

یراک فقال صدقت فقال یا رسول اللہ متی الساعۃ قال فما المسؤل عنہا باعلم من

کہ اللہ تجھکو دیکھ رہا ہے - کہا سچ فرمایا پھر کہا یا رسول اللہ قیامت کب ہوگی فرمایا جس سے پوچھتا ہے ہمکو نسبت سائل کے علم زیادہ

السائل ثم قفا فلما توسط الناس لم یر قال النبی علیہ السلام ان ہذا جبرئیل اتاکم

نہیں ہے - پھر پیٹھ پھیری اور بھیڑ میں چلا گیا تو دکھائی نہیں دیا - نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ جبرئیل تھے

لیعلمکم معالم دینکم قال ابو مطیع رحمہ اللہ قلت لابی حنیفۃ رحمہ اللہ فاذا استیقن بہذا واقر

تمہارا دین تمکو سکھانے آئے تھے ابو مطیع نے کہا میں نے ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے کہا جب آدمی کو یقین ہوجاے اسکا اور یہ اقرار کرے تو

فہو مؤمن قال نعم اذا اقر بہذا فقد اقر بجملۃ الاسلام وہو مؤمن فقلت لہ اذا انکر شیئا

کیا مومن ہوگیا فرمایا ہاں جب یہ اقرار کرلیا تو سب اسلام کا اقرار کرلیا تو وہ مومن ہوگیا میں نے کہا جب وہ منکر ہوا

فقال لا ادري من خالق هذا قال فانه قد كفر لقوله تعالى الله خالق كل شيء فكانه قال ان له

اور کہا کہ میں نہیں جانتا ہوں کہ اس شے کا خالق کون ہے فرمایا کہ وہ کافر ہے کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا کہ اللہ ہر شے کا پیدا کرنے والا ہے تو گویا اس نے یہ کہا کہ اس شے کا

خالق غير الله وكذلك لو قال لا اعلم ان الله تعالى فرض علي الصلوة والصيام فانه قد كفر

خالق سوائے اللہ کے کوئی دوسرا ہے اور ایسے ہی اگر کہا کہ میں نہیں جانتا ہوں کہ اللہ نے مجھ پر نماز روزہ فرض کیا ہے تو وہ کافر ہے

لقوله تعالى كتب عليكم الصيام ولقوله عز وجل فسبحان الله حين تمسون وحين تصبحون

کہ اللہ نے فرمایا حکم ہوا تم پر روزے کا اور اللہ نے فرمایا اللہ کی یاد کرو شام کو اور صبح کو

فان قال اومن بهذه الآية ولا اعلم تاويلها ولا اعلم تفسيرها فانه لا يكفر لانه مؤمن

اور اگر کہا میں اس آیت پر ایمان لایا پر اس کی تاویل و تفسیر نہیں جانتا ہوں تو وہ کافر نہیں ہوا اسلئے کہ وہ قرآن پر ایمان لایا

بالتنزيل وهو مخطي في التفسير قلت له لو اقر بجملة الاسلام في ارض الشرك ولا يعلم شيئا

اور اس کے معنے میں خطا کی ہے میں نے کہا کہ ایک شخص نے شرک کے ملک میں اسلام کا اقرار کیا اور کوئی

من الفرائض والشرائع ولا بالكتاب ولا شيء من شرائع الايمان الا انه مقر بالله و

فرائض و شرائع نہیں جانتا ہے اور نہ کتاب کو جانتا ہے اور نہ ایمان کا کوئی حکم جانتا ہے پر اللہ اور

بالايمان ولا يقر بشيء من شرائع الاسلام فمات اهو مؤمن قال نعم قلت له ولم يعلم

ایمان کا اقرار کرتا ہے اور کسی چیز کا شریعت اسلام سے اقرار نہیں کرتا ہے اور وہ یونہی مر گیا تو وہ مومن ہے کہا ہاں پھر میں نے کہا کہ اسکو کچھ علم

شيئا ولم يعمل به الا انه يقر بالايمان فمات قال هو مؤمن قلت لابي حنيفة رحمه الله

نہیں اور کچھ عمل نکیا بجز اس کے کہ ایمان کا اقرار کیا اور مر گیا فرمایا وہ مومن ہے میں نے امام سے کہا

اخبرني عن الايمان قال تشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له وتشهد بملائكته

کہ فرمائیے ایمان کیا ہے فرمایا لا اله الا الله کی گواہی دے اور اس کے فرشتوں

وكتبه ورسله وجنته وناره وقيامته وخيره وشره وتشهد انه لم يفوض الاعمال

اور کتابوں اور رسولوں اور انکی جنت اور دوزخ کے اور قیامت کی اور اسکی خیر و شر کے اور گواہی دے کہ اعمال

الى احد والناس صائرون الى ما خلقوا له والى ما جرت به المقادير فقلت له ارايت

کسی کی طرف تفویض نہیں ہیں اور آدمی اسی کی طرف رجوع کرتا ہے جسکے لیے وہ پیدا ہوا ہے یا جو اس کی تقدیر میں ٹھیر لیا ہے پھر میں نے کہا کہ آپکی یہ رائے ہے کہ اگر کوئی

ان اقر بهذا كله ولكنه قال المشية الي ان شئت امنت وان شئت لم اومن لقوله تعا

اینی ان سب امور کا اقرار کیا ولیکن اس نے کہا مشیت میری طرف ہے اگر چاہوں تو ایمان لاؤں ورنہ ایمان نہ لاؤں بدلیل قول اللہ تعالی کے

فمن شاء فليؤمن ومن شاء فليكفر فقال كذب في زعمه الا يرى الى قوله تعالى كلا انه

پھر جو کوئی چاہے مانے اور جو چاہے نہ مانے ایسا کہے تو فرمایا کہ اوسکا یہ کہنا جھوٹ ہے کیا نہیں دیکھتا کہ اللہ نے فرمایا ہے کہ یون نہیں یہ

تذكرة فمن شاء ذكره وما تشاؤن الا ان يشاء الله وقوله تعالى فمن شاء فليؤمن ومن

نصیحت ہے جو چاہے اسکو یاد کرے اور تم وہی چاہو گے جو خدا چاہے گا اور یہ فرمانا اللہ کا پھر جو کوئی چاہے ایمان لاوے اور جو

شاء فليكفر هو وعيد وبهذا لم يكفر لانه لم يرد الآية انما اخطأ في تاويلها ولم يرد

چاہے کفر کرے وعید ہے اور اس کہنے سے وہ کافر نہیں ہوا کہ اس نے آیت رد نہیں کی بلکہ اس کے معنے مین خطا کی ہے اور اسکی تنزیل کا رد نہیں کیا ہے

تنزيلها قلت له فان قال اصابتني مصيبة وليست هي مما ابتلاني الله بها وهي مما

پھر جو شخص کہے کہ یہ مصیبت جو پڑی ہے وہ خدا کی طرف سے میرے لیے نہیں ہے بلکہ وہ میرے ہاتھ کی

كسبت بيدي اتكفره قال لا قلت ولم قال لان الله تعالى قال وما اصابكم من مصيبة

کمائی ہے تو کیا وہ کافر ہے فرمایا نہیں مین نے کہا کیون فرمایا اسلیے کہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے جو تم پر مصیبت پڑتی ہے

فبما كسبت ايديكم اي بذنوبكم وقال تعالى ما اصابك من حسنة فمن الله وما اصابك

تمہارے گناہون سے پڑتی ہے اور اللہ نے فرمایا ہے کہ جو بھلائی آتی ہے اللہ کی طرف سے ہے اور جو برائی ہے

من سيئة فمن نفسك اي بذنبك وانا قدرته عليك وقال يضل من يشاء ويهدي

وہ تیرے نفس یعنے تیرے گناہ سے ہے اور مین نے اس کا کرنا تیرے لیے ٹھہرا دیا تھا۔ پھر کہا اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے

من يشاء قال لانه اخطأ في التاويل ومعنى قوله يحول بين المرء وقلبه اي بين المؤمن

چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے فرمایا اگر اس نے معنے مین خطا کی ہے اور اللہ تعالی جو فرماتا ہے کہ اللہ آدمی کے دل مین حائل ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ میان مومن

والكفر وبين الكافر والايمان فان قال اقول ان الله تعالى لم يجبر عباده على ذنب ثم

وکفر کے اور درمیان کافر وایمان کے اگر یہ کہے کہ اللہ تعالی اپنے بندہ کو گناہ کرنے پر مجبور کیون کرتا ہے پھر انکو گناہ پر

يعذبهم عليه فما تقول له قال قل له هل يطيق العبد لنفسه ضرا ونفعا فان قال لا انهم

عذاب دیتا ہے تو اسکو کیا فرماتے ہو فرمایا کہ اسکو یہ کہدو کہ کیا بندہ اپنی ذات کے نفع یا ضرر کی طاقت رکھتا ہے اگر کہے نہیں اسلیے

مجبورون في الضر والنفع ما خلا الطاعة والمعصية فقل له هل خلق الله تعالى الشر فان

کہ وہ مجبور ہین ضرر ونفع مین سوائے طاعت اور گناہ گاری کے پھر اسکو کہو کہ آیا خدا نے شر کو پیدا کیا ہے

قال نعم خرج من قوله وان قال لا كفر لقوله تعالى قل اعوذ برب الفلق من شر ما

اگر کہے ہان تو اپنے قول سے نکل گیا اور کہا نہیں تو کافر ہے کہ اللہ نے فرمایا ہے کہہ مین پناہ مانگتا ہون ساتھ پروردگار صبح کے ہر چیز کی شر سے جو

خلق فان قال الستم تقولون ان الله تعالیٰ شاء الكفر وشاء الايمان فان قلنا نعم يقول ليس

اسنے بنائی اور جو کہے کیا تم قائل نہیں ہو کہ اللہ تعالیٰ نے کفر کو چاہا اور ایمان کو اب ہم کہیں ہاں تو کہتا ہے کیا

الله تعالى يقول هو اهل التقوى واهل المغفرة فنقول نعم فيقول هو اهل الكفر فما نقول له فقال

اللہ تعالیٰ نہیں فرماتا ہے کہ وہ اہل تقویٰ و مغفرت کا صاحب ہے تو ہم کہتے ہیں ہاں۔ اور جو کہے کہ اللہ اہل کفر ہے تو ہم اسکو کیا کہیں تو کہا کہ

تقول له هو اهل لما شاء من الطاعة وليس هو باهل لما يشاء من المعصية فان قال ان

ہم اسکو کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی طاعت کا اہل ہے اور وہ اہل معصیت کا نہیں ہے اگر کہے

الله تعالى لم يشأ ان يقال عليه الكذب فقل له الفرية على الله تعالى من الكلام والمنطق

اللہ تعالیٰ اپنے اوپر جھوٹ بولنا نہیں چاہتا ہے تو اس سے پوچھو کہ اللہ پر افترا کرنا از قسم کلام ہے یا نہیں

فان قال نعم فقل من علم ادم الاسماء كلها فان قال الله فقل فالكفر من الكلام فان قال نعم

اگر کہے ہاں تو کہنا آدم کو اسما کس نے سکھائے ہیں اگر کہے اللہ تعالیٰ نے تو کہنا کہ کفر بھی کلام سے ہے اگر کہے کہ ہاں

فقل من انطق الكافر فان قال الله خصموا انفسهم لان الشرك من المنطق فلو شاء الله ما انطقهم

تو کہو کافر کو کس نے بولنا سکھایا اگر کہے اللہ نے تو انھوں نے اپنے لئے خصومت کی کہ شرک بھی گویائی ہے اگر اللہ چاہتا تو شرک کی بات نہ کہلواتا

به قلت له فان قال ان الرجل ان شاء فعل وان شاء لم يفعل وان شاء اكل وان شاء

میں نے پوچھا کہ پھر اگر کہے کہ آدمی اگر چاہے کرے چاہے نہ کرے چاہے کھائے چاہے

لم ياكل وان شاء شرب وان شاء لم يشرب فقل له هل حكم الله تعالى لبني اسرائيل ان

نہ کھائے چاہے پیوے چاہے نہ پیوے تو کہو کہ کیا اللہ نے حکم کیا بنی اسرائیل کو

تعبر والبحر وقدر على فرعون الغرق قلت فهل كان يقدر فرعون ان يكسبه في طلب موسى

کہ وہ دریا سے عبور کر جائیں اور فرعون کی تقدیر غرق کی تو میں کہتا ہوں کیا فرعون قادر تھا کہ موسیٰ کی گرفتاری پر جاتا

وان لا يغرق هو واصحابه فان قال نعم فقد كفر بالله وان قال لا نقض قوله السابق باب

اور نہ وہ ڈوبتا اور نہ اسکے اصحاب ڈوبتے اگر کہے ہاں تو کافر ہو گیا اگر کہے نہیں تو اپنے کلام سابق کے خلاف کیا باب ہے

في القدر

قال ابو مطيع قال ابو حنيفة رضي الله عنه حدثني حماد عن ابراهيم عن

تقدیر کا ابو مطیع نے کہا ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا حماد نے ابراہیم سے

عبد الله بن مسعود رضي الله عنه قال قال رسول الله عليه السلام ان خلق احدكم

روایت کی کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ تمہاری پیدائش کی

يُجمع في بطن أمه نطفة أربعين يوماً ثم علقة مثل ذلك ثم مضغة مثل ذلك ثم يبعث الله

صورت یہ ہے کہ ماں کے پیٹ میں نطفہ چالیس دن رہتا ہے پھر لوہو کی بوند چالیس دن پھر گوشت کا پارہ چالیس دن پھر بھیجتا ہے اللہ

تعالى إليه ملكاً يكتب عليه رزقه وأجله شقياً أو سعيد أو الذي لا إله غيره إن الرجل

تعالی اُس کی طرف فرشتہ جو اُس کا رزق و عمر و شقاوت و سعادت لکھدیتا ہے قسم ہے اُس خدا کی جسکے سوا کوئی خدا نہیں کہ آدمی

ليعمل بعمل أهل النار حتى ما يكون بينه وبينها إلا ذراع فيسبق عليه الكتاب فيعمل بعمل

دوزخ والوں کا کام کرتا ہے کہ اُس میں اور دوزخ میں ایک گز رہتا ہے پھر حکم خدا غالب ہوتا ہے

من أعمال أهل الجنة فيموت فيدخلها وإن الرجل ليعمل بعمل أهل الجنة حتى ما يكون

اہل جنت کے عمل کرنے لگتا ہے پھر مر کر جنت میں جاتا ہے اور ایک آدمی اہل جنت کے کام کرتا ہے

بينه وبينها إلا ذراع فيسبق عليه الكتاب فيعمل بعمل من أعمال أهل النار فيموت فيدخلها

کہ اُس میں اور جنت میں ایک گز رہجاتا ہے تو حکم خدا غالب ہوتا ہے کہ اہل دوزخ کے کام کرتا ہے پھر مر کر اُس میں چلا جاتا ہے

قلت له فما تقول فيمن يأمر بالمعروف وينهى عن المنكر فيتبعه على ذلك ناس فيخرج على الجماعة

پھر میں نے کہا کہ جو شخص امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے اور لوگ اُسکے پیرو ہو وین پھر مسلمانوں پر جنگ کرے

هل ترى ذلك قال لا قلت ولم وقد أمر الله تعالى ورسوله بالأمر بالمعروف والنهي

اُسکی نسبت آپکی کیا رائے ہے کہا جائز نہیں میں نے کہا کیوں حالانکہ اللہ اور اُسکے رسول تو امر بالمعروف و نہی

عن المنكر وهو فريضة واجبة فقال كذلك لكن ما يفسدون من ذلك يكون أكثر مما

عن المنکر کا حکم دیچکے ہیں کہ یہ فرض ہے فرمایا ایسا ہی ہے مگر اُن کا فساد کار صلاح سے

يصلحون من سفك الدماء واستحلال المحارم وقال الله تبارك وتعالى وإن طائفتان

بہت زیادہ ہے کہ خون ریزی کرتے ہیں اور حرام کو حلال جانتے ہیں اور اللہ تعالی فرماتا ہے اگر دو فرقہ

من المؤمنين اقتتلوا فأصلحوا بينهما فإن بغت إحداهما على الأخرى فقاتلوا التي تبغي

مسلمان آپس میں لڑیں اُن میں صلح کرا دو پس اگر ایک دوسرے پر چڑھ آئے تو لڑو اُس چڑھائی والے سے

حتى تفيء إلى أمر الله قلت فنقاتل الباغية بالسيف قال نعم تأمر وتنهى فإن قبل وإلا فقاتله

جب تک حکم خدا پر رجوع کرے میں نے کہا کہ آیا باغی سے تلوار سے لڑوں فرمایا ہاں امر خیر و نہی عن المنکر کر و اگر قبول کرے بہتر ورنہ

فتكون مع الفئة العادلة وإن كان الإمام جائراً لقوله عليه السلام لا يضركم جور من

اُس سے لڑائی کرو اور تو گروہ اہل عدل میں ہوجائے اگرچہ امام جور و ظلم والا ہے کہ رسول اللہ علیہ السلام نے فرمایا ہر گز کسی ظالم کا ظلم

جار ولا عدل من عدل لكم اجركم وعليه وزره قلت له ما تقول في الخوارج المحكمة قال هم

اور کسی عادل کا عدل انکو ضرر نہین کرتا تمکو تمہارا اجر ملیگا اور اُس پر اُسکا وبال رہیگا مینے کہا کہ خوارج محکمہ کے لیے کیا کہتے ہین فرمایا

اخبث الخوارج قلت تكفرهم قال لا ولكن نقاتلهم على ما قاتلهم الائمة من اهل الخير علي بن ابي طالب رضي الله

وہ تو بہت بدترین خارجی ہین مینے کہا کیا آپ انکو کافر کہتے ہین فرمایا نہین مگر ہم اُن سے ایسا لڑینگے جیسے کہ اُن سے امام برحق علی ابن ابیطالب

تعالى عنه وعمر بن عبد العزيز رحمه الله قلت فان الخوارج يكبرون ويتلون القرآن فقال اما تذكر حديث ابي امامة

اور عمر بن عبد العزیز لڑے مین نے کہا خوارج اللہ کی تکبیر کرتے ہین اور قرآن شریف پڑھتے ہین فرمایا کیا ابی امامہ کا قصہ یاد نہین ہے

دخل مسجد دمشق فاذا فيه رؤس ناس من الخوارج فقال لابي غالب الحمصي يا ابا غالب

جب وہ دمشق کی مسجد مین آئے اُس مین چند سرداران خوارج تھے ابو غالب حمصی سے کہا اے ابو غالب

هؤلاء اناس من اهل ارضك فاحببت ان اقربك من هؤلاء فقال يا كلاب اهل النار

یہ لوگ تیرے دیار کے ہین مین پسند کرتا ہون کہ تجکو ان سے نزدیک کرون ابو غالب نے کہا او کتو اہل دوزخ کے

يا كلاب اهل النار يا شر قتلى تحت اديم السماء وهو في ذلك يبكي فقال يا ابا امامة ما يبكيك

او کتو اہل دوزخ کے اے بدترین مقتول زیر آسمان کے اور ابو امامہ اُسوقت روتے تھے ابا غالب نے کہا کہ ای ابو امامہ کیون روتے ہو

فقال انهم كانوا مسلمين انت تقول لهم ما اسمع قال او لا تقول بقول الله تعالى يوم تبيض

کہا کہ یہ لوگ مسلمان تھے ان کے لیے تم ایسا فرماتے ہو جو کہ مین سُنتا ہون ابی امامہ نے فرمایا کیا تو نہین پڑھتا ہے اللہ تعالی کا قول جس دن سفید ہونگے

وجوه وتسود وجوه فاما الذين اسودت وجوههم اكفرتم بعد ايمانكم فذوقوا العذاب

بعضے منہ اور سیاہ ہونگے بعضے منہ جنکے منہ سیاہ ہوئے آیا تم کافر ہوگئے ایمان مین آکر اب چکھو عذاب

بما كنتم تكفرون واما الذين ابيضت وجوههم ففي رحمة الله هم فيها خالدون فقال انت

اس کفر کے بدلے مین اور وے جو سفید ہوئے منھ اُن کے وہ رحمت مین ہین اللہ کی اُس مین ہمیشہ رہینگے پھر ابو غالب نے کہا

سمعتها من رسول الله عليه السلام فقال سبحان الله مرة او مرتين حتى قالها سبع مرات

یہ تم نے رسول اللہ صلعم سے سُنا ہے ابو امامہ نے فرمایا سبحان اللہ ایک بار یا دو بار یہانتک کہ سات بار کہا

فكفر الخوارج كفر النعم كفروا بما انعم الله عليهم وقال الخوارج اذا خرجوا وحاربوا واغاروا

تو خوارج کا کفر اُن کا کفران نعمت ہے ایسے امر کا جو اللہ تعالی نے انعام کیا تھا اور پوچھا کہ خوارج جب طاعت سے نکل جائین اور لڑین اور لوٹین

ثم صالحونا هل يتبعون بما فعلوا قال لا غرامة عليهم بعد سكون الحرب منهم ولا حد

پھر ہم سے صلح کرلین تو جو وہ کام کرین اُس کا اتباع کیا جاوے فرمایا جب لڑائی موقوف ہو جائے اُن پر کچھ سزا نہین ہے اور نہ حد

عَلَيْهِمْ وَالدَّمُ كَذٰلِكَ لَا قِصَاصَ فِيْهِ قُلْتُ لِمَ قُلْتَ ذٰلِكَ قَالَ لِلْحَدِيْثِ الَّذِيْ جَاءَ اَنَّهٗ لَمَّا

نہیں ہے اور خون کا قصاص بھی نہیں میں نے کہا کیوں یہ فرمایا کہا بحکم اس حدیث کے کہ جب لوگون

وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ بَيْنَ النَّاسِ فِيْ قَتْلِ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاَجْمَعَتِ الصَّحَابَةُ رِضْوَانُ اللّٰهِ

مین فتنہ قتل عثمان رضی اللہ عنہ مین واقع ہوا اور سب صحابہ نے اجماع کیا

عَلَيْهِمْ عَلٰى مَنْ اَصَابَ دَمًا بِتَاوِيْلٍ فَلَا قَوَدَ عَلَيْهِ وَمَنْ اَصَابَ فَرْجًا حَرَامًا بِتَاوِيْلٍ فَلَا

کہ جو خون کا بشبہ مرتکب ہوا اوسپر قصاص نہیں ہے اور جو وطی بشبہ کرے اوسپر حد

حَدَّ عَلَيْهِ وَمَنْ اَصَابَ مَالًا بِتَاوِيْلٍ فَلَا تَبِعَةَ عَلَيْهِ اِلَّا اَنْ يُوْجَدَ الْمَالُ بِعَيْنِهٖ فَيُرَدَّ

نہیں ہے اور جو کسی کا مال بشبہ لیوے اوسپر ضمان نہیں مگر مال بعینہ موجود ہو تو

عَلٰى صَاحِبِهٖ قُلْتُ فَاِنْ قَالَ قَائِلٌ لَا اَعْرِفُ الْكَافِرَ كَافِرًا قَالَ هُوَ مِثْلُهٗ قُلْتُ فَاِنْ قَالَ

مالک کو دیا جائے پھر مین نے کہا اگر کوئی کہے کہ مین نہیں جانتا ہون کافر کو کافر فرمایا وہ بھی ویسا کافر ہے مینے کہا اگر کہے

لَا اَدْرِيْ اَيْنَ يَصِيْرُ الْكَافِرُ قَالَ هُوَ جَاحِدٌ بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَهُوَ كَافِرٌ قُلْتُ لَهٗ فَمَا تَقُوْلُ

کہ مین یہ نہیں جانتا ہون کہ کافر کہان ٹھکانا پائیگا فرمایا کہ وہ کتاب اللہ تعالیٰ کا منکر ہے وہ کافر ہے پھر مینے کہا کیا فرماتے ہو

لَوْ اَنَّ رَجُلًا قِيْلَ لَهٗ اَمُؤْمِنٌ اَنْتَ قَالَ اللّٰهُ اَعْلَمُ قَالَ هُوَ شَاكٌّ فِيْ اِيْمَانِهٖ قُلْتُ فَهَلْ بَيْنَ الْكُفْرِ

اگر کسی شخص سے کہا گیا کہ تو مومن ہے وہ بولا خدا جانے فرمایا کہ اس کو اپنے ایمان مین شک ہے مین نے عرض کیا کہ کیا کفر

وَالْاِيْمَانِ مَنْزِلَةٌ اِلَّا النِّفَاقَ وَهُوَ اَحَدُ الثَّلٰثَةِ اَمَّا مُؤْمِنٌ اَوْ كَافِرٌ اَوْ مُنَافِقٌ قَالَ لَيْسَ بِمُنَافِقٍ

و ایمان مین ایک رتبہ نفاق ہے اور وہ شاک ایک ان مین کا ہے یا مومن ہے یا کافر ہے یا منافق ہے فرمایا جو اپنے ایمان مین

مَنْ شَكَّ فِيْ اِيْمَانِهٖ قُلْتُ لِحَدِيْثِ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ نَعَمْ

شک کرے منافق نہیں ہے مین نے کہا کیا بسبب حدیث معاذ بن جبل و عبد اللہ بن مسعود کے فرمایا ہان

حَدَّثَنِيْ حَمَّادٌ اَنَّ الْحَارِثَ بْنَ مُلَيْكَةَ كَانَ مَعَ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَلَمَّا

حماد نے مجھکو خبر دی مقرر حارث بن ملیکہ معاذ بن جبل انصاری کے ساتھ تھے جب

حَضَرَهُ الْمَوْتُ بَكٰى فَقَالَ مُعَاذٌ مَا يُبْكِيْكَ يَا حَارِثُ قَالَ يُبْكِيْنِيْ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ الْاٰخِرَةَ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الْاُوْلٰى

معاذ کی موت کا وقت آیا حارث روئے معاذ نے کہا اے حارث کیون روتے ہو کہا اس وجہ سے روتا ہون کہ مین جانتا ہون کہ آپ کا انجام ابتدا سے بہتر ہے

وَلٰكِنْ مَنِ الْعَالِمُ بَعْدَكَ قَالَ مَهْلًا وَعَلَيْكَ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُلْتُ لَهٗ

مگر آپکے بعد عالم کون ہے کہا یہ قصہ چھوڑ دو اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی صحبت اختیار کرلو مین نے کہا

اَوْصِنِیْ فَاَوْصٰی بِمَا شَاءَ اللّٰهُ قَالَ ثُمَّ قَالَ اِحْذَرْ زَلَّةَ الْعَالِمِ قَالَ فَمَاتَ مُعَاذٌ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

مجکو وصیت کیجے پھر مجکو وصیت کیا جو کچھ خدا نے چاہا کہا پھر معاذ نے فرمایا عالم کی لغزش سے ڈرتے رہو کہا پھر معاذ رضی اللہ عنہ مر گئے

وَقَدِمَ الْحَارِثُ الْکُوْفَةَ اِلٰی اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ فَنُوْدِیَ بِالصَّلٰوةِ فَقَالَ الْحَارِثُ قُوْمُوْا اِلٰی هٰذِهِ

اور حارث کوفہ مین عبداللہ کے شاگردون کے پاس آئے پھر اذان ہوئی حارث نے کہا اس دعوت یعنے

الدَّعْوَةِ حَقًّا لِکُلِّ مُؤْمِنٍ یَسْمَعُهَا اَنْ یُجِیْبَهُ فَنَظَرُوْا اِلَیْهِ وَقَالُوْا لَهُ اِنَّکَ لَمُؤْمِنٌ قَالَ نَعَمْ

اذان کیطرف اٹھو ہر مسلمان پر حق ہے کہ جب اذان سنے تو اسکی فعلی اجابت کرے انھون نے حارث کو دیکھا اور کہا کیا تم مومن ہو حارث نے کہا ہان

اِنِّیْ لَمُؤْمِنٌ فَتَغَامَزُوْا بِهٖ فَنَکَسَ الْحَارِثُ رَأْسَهٗ وَبَکٰی وَقَالَ رَحِمَ اللّٰهُ مُعَاذًا فَاُخْبِرَ بِهٖ ابْنُ

مین مومن ہون انھون نے چشمک زنی کی حارث سر جھکا کر روئے اور کہا حارث نے اللہ معاذ کو رحم کرے پھر ابن

مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهٗ اَتَقُوْلُ اِنَّکَ لَمُؤْمِنٌ قَالَ نَعَمْ اِنِّیْ لَمُؤْمِنٌ قَالَ اَتَقُوْلُ اِنَّکَ

مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ خبر پہنچی پھر کہا عبداللہ نے حارث سے کیا تم آپکو مومن کہتے ہو کہا ہان مین مومن ہون کہا کیا تم آپ کو

مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَقَالَ رَحِمَ اللّٰهُ مُعَاذًا فَاِنَّهٗ اَوْصَانِیْ اَنْ اَحْذَرَ زَلَّةَ الْعَالِمِ وَالْاَخْذَ بِحُکْمِ

بہشتی کہتے ہو کہا حارث نے اللہ معاذ پر رحم کرے کہ اس نے مجکو یہ وصیت کی تھی کہ عالم کی لغزش سے ڈرتے رہو

الْمُنَافِقِ قَالَ فَهَلْ مِنْ زَلَّةٍ رَاَیْتَ قَالَ نَشَدْتُکَ بِاللّٰهِ هَلْ کَانَ رَجُلٌ فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَیْهِ

اور منافق بننے سے کہا ابن مسعود نے کوئی خطا تمنے دیکھی ہے حارث نے کہا مین تمکو قسم دیتا ہون آیا کوئی شخص زمانہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

السَّلَامُ وَالنَّاسُ یَوْمَئِذٍ عَلٰی ثَلَاثِ فِرَقٍ مُؤْمِنٌ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَةِ وَکَافِرٌ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِیَةِ

کے تھا جب سب آدمی اس وقت تین قسم کے تھے مومن باطن و ظاہر مین اور کافر باطن و ظاہر مین

وَمُنَافِقٌ فِی السِّرِّ فَمِنْ اَیِّ الثَّلَاثَةِ اَنْتَ قَالَ فَاَمَّا اِذَا نَشَدْتَّنِیْ بِاللّٰهِ فَاِنِّیْ مُؤْمِنٌ فِی السِّرِّ

اور باطن مین منافق پھر تم ان سے کون ہو ابن مسعود نے کہا جب تم اللہ کی قسم دے کر پوچھتے ہو تو مین ظاہر

وَالْعَلَانِیَةِ قَالَ وَلِمَ لُمْتَنِیْ حِیْنَ قُلْتُ اِنِّیْ لَمُؤْمِنٌ قَالَ اَجَلْ هٰذِهٖ زَلَّتِیْ فَادْفِنْهَا رَحِمَ اللّٰهُ مُعَاذًا قُلْتُ اَوْ یُحِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

و باطن مین مومن ہون حارث نے کہا پھر تمنے کیون مجکو ملامت کی جبکہ مین نے کہا کہ مومن ہون کہا ہان یہ میری خطا ہے اسکو چھپا دو اللہ معاذ پر رحم کرے مین نے کہا امام

مَنْ قَالَ اِنِّیْ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ قَالَ کَذَبَ لَا عِلْمَ لَهٗ بِهٖ وَقَالَ الْمُؤْمِنُ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِالْاِیْمَانِ

شخص کا حال پوچھا جو کہے کہ مین جنت والا ہون فرمایا جھوٹا ہے اسکو علم نہین ہے اور فرمایا مومن بسبب اپنے ایمان کی جنت مین جاتا ہے

وَیُعَذَّبُ فِی النَّارِ بِالْاَحْدَاثِ فَاِنْ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ النَّارِ قَالَ کَذَبَ لَا عِلْمَ لَهٗ بِهٖ قَدْ اَبَیْنَ

اور گناہون سے دوزخ مین عذاب ہوگا پھر پوچھا اگر اس نے آپ کو جہنمی کہا فرمایا جھوٹا ہے اس کو اس کا علم نہین ہے

مِنْ رَحْمَتِ اللّٰهِ قَالَ اَبُوْحَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ یَنْبَغِیْ اَنْ یَّقُوْلَ اَنَا مُؤْمِنٌ حَقًّا لِاَنَّهٗ لَا شَكَّ فِیْ اِیْمَانِهٖ

اسکی رحمت سے ناامید ہے امام نے فرمایا بہتر ہے کہ کہے میں مومن ہوں سچا اسلئے کہ اس کو ایمان میں کچھ شک نہیں ہے

قُلْتُ مَیَکُوْنُ اِیْمَانُهٗ کَاِیْمَانِ الْمَلٰٓئِكَةِ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَاِنْ قَصَّرَ عَمَلَهٗ فَاِنَّهٗ مُؤْمِنٌ حَقًّا قَالَ مُحَدِّثُنِیْ

میں نے کہا کیا اسکا ایمان فرشتوں کا سا ہوگا فرمایا ہاں میں نے کہا اس کے اعمال ناقص ہوں تو بھی بے شک مومن ہے تب امام نے

بِحَدِیْثِ حَارِثَةَ اَنَّ النَّبِیَّ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ لَهٗ کَیْفَ اَصْبَحْتَ قَالَ اَصْبَحْتُ مُؤْمِنًا حَقًّا

حارثہ کی حدیث کہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیونکر صبح کی کہا سچا مومن ہوں

فَقَالَ اُنْظُرْ مَا تَقُوْلُ فَاِنَّ لِکُلِّ حَقٍّ حَقِیْقَةً فَمَا حَقِیْقَةُ اِیْمَانِكَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَزَفَتْ

فرمایا دیکھنا چاہیے کیا کہتا ہے کیونکہ ہر حق کی حقیقت ہے پھر تیرے ایمان کی کیا حقیقت ہے تو عرض کیا یا رسول اللہ پھرا

نَفْسِیْ عَنِ الدُّنْیَا حَتّٰی اَظْمَاْتُ نَهَارِیْ وَاَسْهَرْتُ لَیْلِیْ وَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی عَرْشِ رَبِّیْ بَارِزًا وَکَاَنِّیْ

نفس میرا دنیا سے یہاں تک کہ دن گزارتا ہوں اور رات بھر جاگتا ہوں اور میں گویا اپنے خدا کا عرش صاف دیکھتا ہوں اور گویا جنت والوں کو

اَنْظُرُ اِلٰی اَهْلِ الْجَنَّةِ یَتَزَاوَرُوْنَ فِیْهَا وَکَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰی اَهْلِ النَّارِ حِیْنَ یَتَعَاوَوْنَ فِیْهَا فَقَالَ

دیکھتا ہوں کہ آپس میں آتے جاتے ہیں اور گویا دوزخیوں کو دیکھتا ہوں کہ بھونکتے ہیں

رَسُوْلُ اللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَالْزَمْ اَصَبْتَ فَالْزَمْ اَصَبْتَ ثُمَّ قَالَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ یَّنْظُرَ اِلٰی رَجُلٍ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت درست کہا اپنے کو روکے رکھو پھر فرمایا جو یہ پسند کرے کہ میں ایسا آدمی دیکھوں کہ

نَوَّرَ اللّٰهُ تَعَالٰی قَلْبَهٗ فَلْیَنْظُرْ اِلٰی حَارِثَةَ ثُمَّ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ لِیْ بِالشَّهَادَةِ فَدَعَالَهٗ

اللہ تعالی نے اسکا دل روشن کیا ہے تو حارثہ کو دیکھے اس نے عرض کیا یا رسول اللہ اللہ سے دعا مانگئے کہ میں شہید ہوں

بِهَا فَاسْتُشْهِدَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُلْتُ لَهٗ مَا بَالُ اَقْوَامٍ یَقُوْلُوْنَ لَا یَدْخُلُ الْمُؤْمِنُ النَّارَ قَالَ لَا

حضرت نے دعا کی وہ شہید ہوگئے پھر میں نے کہا ان کا کیا حکم ہے جو یہ کہتے ہیں کہ مومن دوزخ میں نہ جاوے گا فرمایا

یَدْخُلُ النَّارَ اِلَّا کُلُّ مُؤْمِنٍ قَالَ قُلْتُ فَالْکَافِرُ قَالَ هُمْ مُؤْمِنُوْنَ یَوْمَئِذٍ قُلْتُ کَیْفَ ذٰلِكَ قَالَ یَقُوْلُ

مومن ہی دوزخ میں جاویں گے پھر میں نے کہا کہ کافر فرمایا وہ اس دن مومن ہو جاویں گے میں نے کہا کیونکر فرمایا اللہ تعالی فرماتا ہے

اللّٰهُ تَعَالٰی فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَکَفَرْنَا بِمَا کُنَّا بِهٖ مُشْرِکِیْنَ فَلَمْ یَكُ یَنْفَعُهُمْ اِیْمَانُهُمْ

کہ پھر جب دیکھا انھوں نے ہمارا عذاب بولے ہم یقین لائے اللہ اکیلے پر اور چھوڑے جو چیزیں شریک بناتے تھے پھر نہ ہوا کہ کام آوے ان کو یقین لانا انکا

لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالَ اَبُوْحَنِیْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَیْرِ حَقٍّ اَوْ سَرَقَ اَوْ قَطَعَ الطَّرِیْقَ اَوْ

جس وقت دیکھ چکے ہمارا عذاب امام صاحب کہتے ہیں جس نے کسی کو ناحق قتل کیا . یا چوری کی یا راستہ لوٹا یا

فجر او فسق او زنى او شرب الخمر او سكر فهو مؤمن فاسق وليس بكافر انما يعذبهم
یا فسق وفجور کیا یا زنا کیا یا شراب پیکر نشہ ہوا تو وہ مومن فاسق ہے کافر نہیں ہے بسبب گناہ کے

بالاحداث في النار ويخرجهم منها بالايمان قال ابو حنيفة رحمه الله من آمن بجميع ما يؤمن
عذاب دوزخ ہوگا اور بسبب ایمان کے وہاں سے نکلیگا امام کہتے ہیں جو سب ایمان کی باتوں پر ایمان لایا

به الا انه قال لا اعرف موسى وعيسى امرسلان ام غير مرسلين فهو كافر ومن قال لا ادري
کہتا ہے کہ میں یہ نہیں جانتا کہ موسی وعیسی پیغمبر ہیں یا نہیں تو وہ کافر ہے اور جو کہے کہ میں نہیں

الكافر في الجنة او في النار فهو كافر لقوله تعالى فلهم عذاب جهنم فقال ولهم عذاب شديد
جانتا ہوں کہ کافر جنت میں ہے یا دوزخ میں تو وہ کافر ہے کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا کافروں کو عذاب دوزخ ہے اور ان کو عذاب سخت ہے

قال ابو حنيفة رحمه الله بلغني عن سعيد بن المسيب انه قال من لم ينزل الكفار
امام کہتے ہیں مجھکو سعید بن المسیب سے روایت آئی ہے کہ جو کافروں کو

منزلتهم من النار فهو مثلهم قلت فاخبرني عمن يؤمن ولا يصلي ولا يصوم ولا يعمل
ان کی جگہہ دوزخ میں نہ قرار دے تو وہ بھی ویسا ہی ہے میں نے پوچھا اسکا کیا حکم ہے جو ایمان لایا پر نماز نہ پڑھی نہ روزے رکھے اور نہ کچھ عمل کرے

شيئا من هذه الاعمال هل يغني ايمانه شيئا قال هو مؤمن ان شاء عذبه الله وان
کیا اس کا ایمان اس کو بچالے گا فرمایا وہ مومن ہے اللہ چاہے عذاب دے

شاء رحمه وقال من ليس يجحد شيئا من كتابه فهو مؤمن قال ابو حنيفة رحمه الله
چاہے رحم کرے اور فرمایا جو اللہ کی کتاب کا کچھ بھی انکار نکرے تو وہ مومن ہے امام

باسناده حدثني بعض اهل العلم ان معاذ بن جبل رضي الله عنه لما قدم حمص
اپنی سند سے کہتے ہیں کہ کسی عالم نے مجھ سے کہا کہ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ جب حمص میں آئے

اجتمعوا اليه فسأله شاب فقال ما تقول فيمن يصلي ويصوم ويحج البيت ويجاهد في
تو لوگ جمع ہوئے ایک جوان نے کہا اس کا کیا حکم ہے جو نماز پڑھے اور روزہ رکھے اور حج کرے اور جہاد کرے

سبيل الله ويعتق ويؤدي زكوته غير انه يشك في الله ورسوله قال هذا في النار قال فما
اور آزاد کرے اور زکوۃ دے مگر اللہ اور اس کے رسول میں شک کرتا ہے فرمایا وہ دوزخی ہے کہا اس کا کیا

تقول فيمن لا يصلي ولا يصوم ولا يحج البيت ولا يؤدي زكوة ماله غير انه مؤمن بالله
حکم ہے جو نہ نماز پڑھے اور نہ روزہ رکھے اور نہ حج کرے اور نہ زکوۃ دے مگر وہ اللہ پر ایمان لایا ہے

قَالَ هٰذَا أَرْجُوْلَهُ وَأَخَافُ عَلَيْهِ قَالَ الْفَتٰى يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ كَمَا أَنَّهُ لَا يَنْفَعُ مَعَ الشِّرْكِ عَمَلٌ

کہا مین اُس کے لئے امید بھی کرتا ہون اور خوف بھی کرتا ہون اُس جوان نے کہا اے ابا عبد الرحمن جیسا شرک کے ساتھ کوئی عمل سود مند

فَكَذٰلِكَ لَا يَضُرُّ مَعَ الْإِيْمَانِ شَيْءٌ ثُمَّ مَضَى الْفَتٰى فَقَالَ مُعَاذٌ لَيْسَ فِيْ هٰذَا الْوَادِيْ أَحَدٌ

نہین ہے ویسا ہی ایمان کے ساتھ کوئی چیز ضرر نہین کرتی ہے اور چلا گیا جوان معاذ نے فرمایا اس دیار مین اس جوان سے بہتر کوئی

أَفْقَهُ مِنْ هٰذَا الْفَتٰى قَالَ أَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ نُقَاتِلُ أَهْلَ الْبَغْيِ بِالْبَغْيِ لَا بِالْكُفْرِ وَنَكُوْنُ مَعَ

عالم نہین امام کہتے ہین ہم مقاتلہ کرینگے اہل بغاوت سے بسبب بغاوت کے نہ بسبب کفر کے اور ہم گروہ عادل

الْفِئَةِ الْعَادِلَةِ وَمَعَ السُّلْطَانِ الْجَائِرِ وَلَا نَكُوْنُ مَعَ أَهْلِ الْبَغْيِ وَإِنْ كَانَ فِيْ أَهْلِ الْجَمَاعَةِ فَاسِدٌ

کے ساتھ رہین گے اور سلطان ظالم کے تابع رہینگے اہل بغی کے ساتھ نہین رہین گے اور جس جماعت مین فساد والے

ظَالِمُوْنَ فَإِنَّ فِيْهِمْ أَيْضًا صَالِحِيْنَ يُعِيْنُوْنَكَ عَلَيْهِمْ فَإِنْ كَانَتِ الْجَمَاعَةُ بَاغِيَةً فَاعْتَزِلْهُمْ

ظالم ہون تو اُن مین کوئی صالح بھی ہونگے تیری مدد کرینگے اگر سب باغی ہین تو اُن سے دور ہو اور دوسرون کے

وَاخْرُجْ إِلٰى غَيْرِهِمْ قَالَ تَعَالٰى أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا وَقَالَ إِنَّ أَرْضِيْ

پاس چلے جاؤ اللہ تعالی نے فرمایا ہے کہ کیا زمین خدا کی وسیع نہ تھی اُس مین چلے جاؤ اور کہا میری زمین

وَاسِعَةٌ فَإِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ قَالَ أَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

کشادہ ہے پھر میری عبادت کرتے رہو امام کہتے ہین حماد نے ابراہیم سے روایت کی ہے کہ عبد اللہ بن مسعود

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ظَهَرَتِ الْمَعْصِيَةُ فِيْ أَرْضٍ

کہتے ہین کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے جس بستی مین گناہ بڑھ جائے

فَلَمْ تُطِقْ أَنْ تُغَيِّرَهَا فَتَحَوَّلْ إِلٰى غَيْرِهَا فَاعْبُدْ بِهَا رَبَّكَ قَالَ أَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ حَدَّثَنِيْ بَعْضُ

کہ تو اُس کو نہ بدل سکے تو کسی اور جگہہ چلا جاؤ اور وہان اللہ کی عبادت کرو امام نے کہا کہ ایک عالم نے

أَهْلِ الْعِلْمِ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

مجھ سے کہا کہ ایک صحابی نے کہا ہے کہ رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَحَوَّلَ مِنْ أَرْضٍ يَخَافُ الْفِتْنَةَ كَتَبَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَهُ أَجْرَ سَبْعِيْنَ صِدِّيْقًا

صلعم نے کہا کہ جو اُس جگہہ سے چلا جائے جہان کہ فتنہ کا خوف ہو اللہ تعالی اُس کو ستر صدیق کا ثواب دیگا

قَالَ أَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ مَنْ قَالَ لَا أَعْرِفُ عَذَابَ الْقَبْرِ فَهُوَ مِنَ الطَّبَقَةِ الْخَبِيْثَةِ الْجَهْمِيَّةِ

امام کہتے ہین جو کہے مین نہین جانتا ہون عذاب قبر کو تو وہ فرقہ جہمیہ

الهالكة اذ انه انكر قوله سنعذبهم مرتين يعني في القبر وقال وان للذين ظلموا عذابا دون

ہالک ہے کہ اس نے اللہ کے فرمانے کا انکار کیا کہ ہم انکو دوبارہ عذاب دینگے ایک قبر میں اور کہا کافرون کو عذاب ہے

ذلك يعني في القبر فان قال آمنت بالآية ولا اؤمن بتاويلها وتفسيرها قال هو كافر لان من

اس سے پہلے یعنی قبر مین اگر کہے مین آیت پر ایمان لایا ہون پر اس کی تاویل وتفسیر پر ایمان نہین لایا ہون فرمایا وہ کافر ہے اسلئے کہ

القرآن ما هو تنزيله تاويله فان جحد بها فقد كفر قال حدثنا ابو حنيفة رحمه الله قال حدثني

قرآن مین بعض جگہ جو تنزیل ہے وہی تاویل ہے اسکا انکار کیا تو کافر ہوا پھر کہا امام نے روایت کی ہے کہ ایک شخص

رجل عن ابي المنهال بن عمرو وعن ابن عباس رضي الله عنهما قال قال رسول الله صلى الله عليه

ابی منہال بن عمرو ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے

وسلم شرار امتي الذين يقولون اني في الجنة دون النار قال وحدثت عن ابي ضبيان قال

میری امت مین برے وہ ہین جو کہتے ہین کہ ہم جنتی ہین نہ دوزخی کہا ابی ضبیان سے مجھکو

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ويل للمتاولين من امتي قيل يا رسول الله وما المتاولون

روایت آئی ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا میرے امتی جو تاویل کرین دوزخی ہین عرض ہوئی تاویل کرنیوالے کون ہین

قال الذين يقولون فلان في الجنة وفلان في النار قال رضي الله عنه حدثت عن نافع عن ابن

فرمایا جو یہ کہتے ہین کہ فلان جنت مین ہے اور فلان دوزخ مین ہے امام نے نافع سے روایت لی ہے کہ عبداللہ بن

عمر رضي الله عنهما قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقولوا امتي في الجنة و

عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہین کہ رسول صلعم نے فرمایا کہ میری امت کو نہ جنتی کہو اور

لا في النار دعوهم حتى يكون الله يحكم بينهم يوم القيمة وحدثني ابان عن الحسن رحمه

نہ دوزخی ان کا قصہ چھوڑ دو اللہ تعالی قیامت کے دن انپر حکم کریگا اور ابان نے حسن رحمۃ اللہ علیہ سے روایت

الله عليه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الله عز وجل لا تنزلوا عبادي

کی ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالی فرماتا ہے کہ میرے بندونکو جنتی

جنة ولا نارا حتى اكون الذي احكم فيهم يوم القيمة وانزلهم منازلهم قلت فاخبرني

کہو نہ دوزخی جبتک کہ مین ان مین قیامت مین فیصلہ کرون اور انکو جگہ دون مین نے کہا

عن القاتل الصلوة خلفه قال الصلوة خلف كل امام بر او فاجر جائزة فلك اجرك وعليه

قاتل کے پیچھے نماز کا کیا حکم ہے - فرمایا ہر امام کے پیچھے جائز ہے نیک ہو یا گنہگار ہو تمکو تمہارا اجر اور اس پر

وَزَرَارَه قُلْتُ اَخْبِرْنِي عَنْ هٰؤُلَاۤءِ الطَّبَقَةِ الَّذِيْنَ يَخْرُجُوْنَ عَلَى النَّاسِ بِسُيُوْفِهِمْ قَالَ هُمْ اَصْنَافٌ

اُسکا وبال ہے مینے کہا جو لوگ آدمیوں پر تلوار سے لڑنے کو نکلے ہیں کیا حکم ہے فرمایا وہ کئی قسم ہیں

شَتّٰى وَكُلُّهُمْ فِى النَّارِ قَالَ وَرَوٰى اَبُوْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور سب دوزخی ہیں پھر کہا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ اِفْتَرَقَتْ بَنُوْ اِسْرَاۤئِيْلَ اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً وَسَتَفْتَرِقُ اُمَّتِيْ ثَلَاثًا وَّسَبْعِيْنَ فِرْقَةً

وسلم نے فرمایا ہے کہ بنی اسرائیل بہتر فرقے ہوگئے اور میری امت تہتر فرقے ہوں گے

كُلُّهُمْ فِى النَّارِ اِلَّا السَّوَادُ الْاَعْظَمُ قَالَ وَحَدَّثَنِيْ حَمَّادٌ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ

سب دوزخی ہیں سوا گروہ کثیر کے فرمایا مجھکو حماد نے ابراہیم سے روایت کی ہے کہ ابن مسعود رضی

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْدَثَ حَدَثًا فِى الْاِسْلَامِ

اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اسلام میں کوئی امر نیا پیدا کیا

فَقَدْ هَلَكَ وَمَنِ ابْتَدَعَ بِدْعَةً فَقَدْ ضَلَّ وَمَنْ ضَلَّ فَفِى النَّارِ حَدَّثَنَا مَيْمُوْنٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

تو تباہ ہوگیا اور جس نے بدعت نکالی وہ گمراہ ہوا اور جو گمراہ ہے وہ دوزخی ہے میمون نے ابن عباس

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ قَالَ فَاذْ

رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ ایک آدمی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا یا رسول اللہ مجھکو علم سکھائیے فرمایا جاؤ

فَتَعَلَّمِ الْقُرْاٰنَ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ لَهٗ فِى الرَّابِعَةِ نَعَمْ اَقْبِلِ الْحَقَّ مِمَّنْ جَاۤءَكَ حَبِيْبًا كَانَ اَوْ بَغِيْضًا وَ

اور قرآن پڑھو تین بار فرمایا پھر چوتھی بار یہ فرمایا ہاں جو تجھکو حق کہے وہ قبول کر دوست ہو یا دشمن اور

تَعَلَّمِ الْقُرْاٰنَ وَمِلْ مَعَهٗ حَيْثُ مَالَ قَالَ وَحَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

قرآن شریف پڑھو اور وہ جدھر جھکاے جھک جاؤ کہا ہمکو حماد نے ابراہیم سے روایت کی ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ

اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اِنَّ شَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَكُلُّ ضَلَالَةٍ فِى النَّارِ

کہتے ہیں نئی باتیں جو نکلتی ہیں وہ بہت بری ہیں اور ہر نئی بات بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے اور سب گمراہی دوزخ میں ہوگی

قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنَّا قَدْ فَتَنَّا

اللہ تعالی فرماتا ہے پھر اسکو نیک و بدی تعلیم کی اور اللہ تعالی نے موسی علیہ السلام کو فرمایا ہے ہم نے تیری بعد تیری قوم کو

قَوْمَكَ مِنْ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ بَابُ الْمَشِيَّةِ قُلْتُ اَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِشَيْءٍ وَلَمْ يَشَأْ

فتنہ میں ڈالدیا اور سامری نے انکو بہکا دیا باب مشیت کے بیان کا میں نے کہا کیا اللہ عزوجل نے ایک شے کا حکم فرمایا

خلقه وشاء شيئاً ولم يأمر به خلقه قال نعم قلت فما ذاك قال أمرهم بالإسلام وكم

اور پیدا کرنا نہیں چاہا ہو اور کوئی چیز چاہے اور اسکے پیدا ہونے کا حکم نہ دیا فرمایا ہان مینے کہا وہ کیا ہی فرمایا لوگون کو اسلام کا حکم کیا اور

يشأ للكافر وشاء الكفر للكافر ولم يأمر به خلقه قلت هل رضي الله شيئاً فلم يأمر به

کافر کے لئے اسلام نہیں چاہتا ہے اور کفر کافر کے لئے چاہتا ہے اور اسکے کرنیکا حکم نہ دیا مینے کہا کہ ایا اللہ نے کسی چیز کو پسند کیا اور حکم اوسکا نہیں کیا

وأمر شيئاً ولم يرض به قال لا قلت لم قال لأن كل شيء أمر به فقد رضي به وكل شيء

یا حکم کیا اور اسکو پسند نہیں کیا فرمایا یہ نہیں مینے کہا کیون فرمایا کہ جس امر کا حکم کیا تو اسکو پسند بھی کیا اور جسکو پسند کیا

رضي به فقد أمر به ألا ترى أنه يرضى الإيمان وأمر به لأن الأمر والرضا طاعة قلت يعذب

اسکا حکم بھی کیا ہے کیا تم نہیں دیکھتے ہو کہ وہ ایمان سے راضی ہے اور اسکا حکم بھی فرمایا ہی کیونکہ امر اور رضا مندی عبادت ہے مینے کہا عذاب

الله تعالى العباد على ما يرضى أو على ما لا يرضى قال بل يعذبهم على ما لا يرضى لأنه يعذبهم

دیتا ہی اللہ تعالی اپنے بندونکو رضا پر یا غیر رضا پر فرمایا کہ ناپسند کام پر عذاب دیتا ہی کیونکہ وہ کفر

على الكفر والمعاصي ولم يرض به قلت فيعذبهم على ما يشاء أو على ما لا يشاء قال

اور گناہ پر عذاب دیتا ہے کہ اسکو پسند نہیں کرتا ہے مینے کہا کہ اللہ انکو عذاب دیتا ہے جسپر چاہتا ہے یا جسپر نہیں چاہتا ہے فرمایا

بل يعذبهم على ما يشاء لهم لأنه يعذبهم على الكفر والمعاصي وشاء للكافر الكفر وللعاصي

بلکہ جس کام کو چاہتا ہے اس پر عذاب دیتا ہے کیونکہ ان کو کفر اور گناہ پر عذاب دیتا ہے اور کافر کے لئے کفر اور گنہگار کے لئے

المعصية قلت أمرهم بالإسلام ثم شاء لهم الكفر قال نعم قلت سبقت مشيته أمره أو سبق أمره

گناہ چاہتا ہے۔ مینے کہا اسلام کا حکم کیا اور کفر ان کے لئے چاہتا ہے۔ فرمایا ہان مینے کہا کہ ایا اوسکی مشیت اسکے حکم پر غالب ہی یا اوسکا حکم اوسکی مشیت

مشيته قال بل مشيته أمره قلت فمشية الله الرضا أم لا قال بل هو لله رضا فمن عمل بمشية الله وأمره

غالب ہی فرمایا بلکہ مشیت امر پر غالب ہے مینے کہا ایا اللہ کی مشیت رضا مندی ہی یا نہیں فرمایا وہ اللہ کی رضا مندی ہی جو اللہ کی مشیت اور امر پر عمل کرے گا

فقد عمل برضاه ومن عمل بمشيته وطاعته وما أمر به فقد عمل برضاه وعدله ومن عمل بمشية الله وبغير

وہ اللہ کی رضا مندی پر عمل کریگا۔ اور جو مشیت اور طاعت اور امر پر عمل کرے گا وہ اوسکی رضا مندی اور عدل پر عمل کریگا۔ اور جو مشیت پر عمل کرے اور امر پر

ما أمر به فلم يعمل برضاه ولكن عمل بمعصيته ومعصيته غير رضاه قلت يعذب الله العباد

